سانحہ مکہ مکرمہ

یومِ فاروقِ اعظم آرگنائزنگ کمیٹی (رجسٹرڈ) پاکستان

اسلام کے "روحانی مرکز" حرمین شریفین پر

شیعیت و خمینی کی

مسلسل یلغار

اور

مسلمانوں کیلئے عملی تدابیرِ تدارک

تحریر و تحقیق:- ابوارقم انصاری

زیرِ اہتمام

یومِ فاروقِ اعظمؓ آرگنائزنگ کمیٹی پاکستان

جملہ حقوق محفوظ ہیں

فہرست مندرجات

صفحہ نمبر

باب اول:-
حرمین شریفین کی حرمت بار بار پامال کرنے والے اہل تشیع ۔ تاریخ کے آئینے میں ۳

باب دوم:-
مکۂ مکرمہ کی خونی کہانی ۔ تصاویر کی زبانی (۱۹۸۶ء اور ۱۹۸۷ء) ۲۲

باب سوم:-
حرمین مقدس پر قبضہ کرنے کے لئے تازہ ترین شیعہ سازش ۲۹

باب چہارم:-
قبضۂ حرمین کی تازہ ترین سازش کے مقابل دفاعی تدابیر تدارک ۴۷

باب پنجم:

ضمیمہ:- یہودیت سے ماخوذ شیعہ مذہب وعقائد ۵۰

سن اشاعت:- یکم رمضان المبارک ۱۴۰۸ھ (۱۸ اپریل ۱۹۸۸ء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بابُ اوّل

حرمین شریفین کی حرمت بار بار پامال کرنے والے اہلِ تشیع۔ تاریخ کے آئینہ میں

حرمین پاک میں حالیہ وارداتوں کا ناپاک سلسلہ

ہر مسلمان جانتا ہے کہ قرآن مجید کے مطابق حرمین مقدّس کی بے حرمتی بھی حرام ہے اور خونِ مسلم بھی حرام ہے۔ اس وجہ سے ان دونوں حرمتوں کی پامالی کا سنگین جرم اور وہ بھی بیک وقت و یکجا۔ اس کا کوئی مسلمان ارتکاب تو کیا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ ایسی بنیادی حقیقت کے باوجود ۶ر ذوالحجہ ۱۴۰۷ھ (۳۱ر جولائی ۱۹۸۷ء) کو ایک مرتبہ پھر ایرانی قیادت میں اہلِ تشیع نے حرم کعبہ و مسجد الحرام کی حرمت کو بھی پامال کیا اور اہلِ حرم و مہمانانِ حرم کا خون بھی کیا پھر یہ کہ یہ دونوں حرام کام نہ صرف بیک وقت کئے گئے بلکہ عین ایامِ حرام میں انجام دئے گئے۔ حرمین پاک کی توہین و تذلیل کا یہ سلسلۂ ناپاک ۱۹۷۹ء سے ہر سال بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے۔ ۱۹۸۶ء میں تو خمینی کے ایرانی کارندوں نے سارے حرمین شریفین کو بارود سے اڑانے کی بھی جسارت کر ڈالی تھی۔ ۱۰ر ذوالحجہ ۱۴۰۶ھ (۱۶ر اگست ۱۹۸۶ء) کو ایرانی تخریب کار اکیاون کلو (تقریباً ڈیڑھ من) دھماکہ خیز مادے کے ساتھ جدہ ایرپورٹ پہونچے اور تلاشی پر وہیں پکڑے گئے۔ ان دہشت گردوں کا گرد حسن علی دھنوی تھا جس نے پوچھ گچھ پر اقرار جرم کر لیا اور اعتراف کیا کہ وہ آتشگیر بارود حرمین کو تباہ کرنے کے لیے اس کی حکومت نے بھیجا تھا۔ گذشتہ دونوں برسوں کے ان گھناؤنے واقعات کی فلمیں موقع پر ہی لے لی گئیں تھیں اور ان دونوں فلموں کو سعودی ٹیلی ویژن پر ۲۰ر اگست ۱۹۸۷ء کو پوری دنیا کے لیے دکھا بھی دی گئیں۔ بعد میں یہ ہی تصاویر دنیا کے اخبارات و جرائد میں بھی شائع

ہو چکی ہیں۔ حرم بیت اللہ میں اسلام کے خلاف تشدد و جارحیت کی حالیہ وارداتیں نئی نہیں بلکہ ۷۹ء کے ایرانی شیعہ انقلاب سے جاری ہیں۔ فروری ۷۹ء میں خمینی انقلاب آیا اور اسی سال ۲۰، نومبر ۷۹ء / ۱ر محرم ۱۴۰۰ھ کو ایک مسلح گروہ نے حرم کعبہ اور حرم نبوی پر بیک وقت دھاوا بول دیا۔ حرم نبوی پر حملہ تو ناکام بنا دیا گیا، مگر حرم کعبہ پر حملہ آوروں نے قبضہ کر لیا، بے شمار مسلمانوں کا بے دریغ قتل عام کیا اور دیگر تمام مسلمانوں کو دو ہفتوں سے زیادہ تک عمرہ، طواف کعبہ اور نماز بیت اللہ سے محروم رکھا۔ مجبوراً اس غیر اسلامی گروہ کے خلاف فوجی قوت استعمال کی گئی اور حرم محترم کو ناپاک قبضے سے پاک کر دیا گیا۔ اس کے بعد ہر سال موسم حج میں تقدیس حرمین کی مسلسل توہین و تذلیل کسی نہ کسی شکل میں جاری ہے تا آنکہ گذشتہ سال ۸۷ء میں ایک اور مسلح مہم کے ذریعہ حرم مکہ مکرمہ کو نشانہ بنایا گیا۔ غرضیکہ پچھلے نو برسوں سے قبضہ معربین کیلئے حرمت حرمین روندی جاتی رہی ہے۔ اس لحاظ سے وہ بیت اللہ جسے اللہ اور رسولؐ نے قیامت تک دنیا بھر کے مسلمانوں کا قبلہ و کعبہ (مرکز اسلام) اور دارالامن قرار دیا ہو، اسے دارالفساد بنانا بالیقین بغاوت ہے اللہ سے اور رسولؐ سے۔ اسی طرح اہل حرم اور زائرین حرم کو تہ تیغ کرنا کھلی غداری ہے دین اسلام سے اور اہل اسلام سے۔ مختصراً یہ کہ ۷۹ء کے ایرانی انقلاب سے ہی اہل تشیع کے لیڈر خمینی کا اصل ہدف اہل اسلام اور مرکز اسلام کی غاصبانہ تسخیر اور تباہی ہے ان تازہ حقائق کے علاوہ اہل تشیع اور خمینی کے مذموم مقاصد کے دستاویزی ثبوت مزید، تاریخی تناظر کے ساتھ، اگلی سطور میں پیش کئے جاتے ہیں۔

مرکزِ اسلام اور اہلِ اسلام کے خلاف سازشوں کا تاریخی تسلسل

تاریخ شاہد ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی قائم کردہ مضبوط و مستحکم اسلامی مملکت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے درخشاں دورِ خلافت میں عروج پر پہونچ کر دشمنانِ اسلام کے بیرونی حملوں کے لیے ناقابلِ تسخیر بن چکی تھی۔ لہٰذا عیار یہود نے اس عظیم اسلامی ریاست کو اندرونی طور پر سبوتاژ کرنے کی سازش کی۔ اس مقصد کے لیے یہودی دماغ ابن سبا نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر شیعیت کو جنم دیا تاکہ ملّتِ اسلامیہ کو داخلی انتشار و خلفشار سے شکار کیا جا سکے۔ بالفاظِ دیگر شیعہ مذہب کی پیدائشی غرض و غایت ہی یہ تھی کہ اندر سے نہ صرف مرکزِ اسلام کو درہم برہم کیا جائے بلکہ اہلِ اسلام کو بھی تتر بتر کر دیا جائے۔ اس گہری اور ہمہ گیر سازش کے ساتھ ابن سبا یہودی نے ملکِ حرمین میں فتنہ و فساد مسلمانوں کی خونریزی اور حرمِ نبوی کی بے حرمتی سے شیعی مشن کا آغاز کیا جو آج بھی جاری ہے۔ اب اس تاریخی تسلسل کی چند جھلکیاں پیش کی جاتی ہیں تاکہ اس آئینہ میں شیعیت کا روپ و بہروپ صاف دیکھ لیا جائے۔

(۱) شیعہ مذہب کے بانی ابن سبا یہودی نے اسلام کے خلاف اوّلین چال یہ چلی کہ قرآن کی معیّن تعریف "اہلِ بیت" (امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن) کے برعکس منافی رسول اکرم ﷺ کے نسبی رشتہ داروں کو "اہلِ بیت" کہنا شروع کر دیا پھر اس نے اپنے خود ساختہ اہلِ بیت کو صحابہ کرام کے زمرے سے الگ ایک جداگانہ طبقہ ظاہر کیا۔ اس کے بعد سنت کے قطعی خلاف اس شیعہ اوّل نے اپنے نام نہاد جداگانہ طبقے کی فضیلت و افضلیت کا پروپیگنڈہ کیا پھر بڑے پیمانے پر بنو ہاشم اور بنو امیہ کے درمیان باہمی نفرت و منافرت کا چکر بھی چلا دیا۔ دریں اثناء اس مکار منافق نے امیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مابین غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کی اور ازام الوقت

ذوالنورینؓ کے خلاف بہتان طرازی کا طوفان کھڑا کر دیا۔ غرضیکہ فریب و فراڈ کے ان مختلف ہتھیاروں کے ساتھ بابائے شیعیت کا یہودی النسل شیعہ ٹولہ خلافت عثمانؓ پر شب و روز شبخون مارتا رہا یہاں تک کہ وہ اسلام کے خلاف اپنی اولین سازش کے حتمی ہدف پر پہونچ گیا۔ بالآخران شیعہ شیاطین نے داماد رسولؐ حضرت عثمانؓ کو حرم نبویؐ میں، عین ماہ حرام (ذوالحجہ ۳۵ھ) میں نہایت درندگی و سفاکی سے شہید کر دیا۔ اس طرح اہل تشیع نے پیدا ہوتے ہی قرآن و سنت کے خلاف بیک وقت حرم رسولؐ کی کھلی بے حرمتی کی، ماہ حرام کی حرمت بھی پامال کی اور خون مسلم جیسی حرام کاری بھی کی۔ مختصراً یہ ہیں حرام و جرائم کے وہ سیاہ ترین اعمال اور سنگین جرائم جو ابتداء سے لیکر آج تک ہمیشہ ہی شیعوں کا شیوہ رہے ہیں۔

(۲) اگلے دور خلافت علیؓ میں قاتلان عثمانؓ نے مرکز اسلام کو مزید منہدم کرنے کے لیے اپنی منافقانہ مہم کو تیز تر کر دیا۔ مسلمانوں کے بھیس میں ان منافقوں نے بہت بڑے پیمانے پر سیاسی افراتفری پھیلائی اور پہلے سے پیدا کردہ نفاق و افتراق کی آگ شدت سے بھڑکائی تاکہ مسلمانوں کے مابین پھیلائی ہوئی غلط فہمیاں آگے چل کر خود بخود باہمی جنگ و جدال تک پہونچ جائیں۔ اتحاد امت کو پارہ پارہ کرنے والے ایسے خطرناک حالات ابھارنے کے بعد ان چال بازوں نے حضرت علیؓ کو مجبور کر دیا کہ وہ مرکز خلافت یعنی مدینۃ النبیؐ چھوڑ دیں اور باہر سے اصلاح احوال انجام دیں۔ صورت حال کو درست کرنے کے لیے اگرچہ حضرت علیؓ نے اپنی دانست میں ہر تدبیر اختیار کی تاہم مفسدین (قاتلان عثمانؓ) نہ صرف سزا سے بچ نکلے بلکہ ملک کے چاروں اطراف جا پہونچے تاکہ اگلے مرحلہ میں ملک گیر تخریب کاری اور مسلمانوں کا قتل

عام کر سکیں۔ بہر کیف اسلام سے بغض و عداوت رکھنے والے ان اہل تشیع نے سیاسی اختلافات کی آڑ لیکر مختلف شورشیں شروع کر دیں۔ اور رفتہ رفتہ مسلمانوں کے درمیان پے در پے تین خانہ جنگیاں (جنگ جمل، جنگ صفین اور جنگ نہروان) بھی برپا کرا دیں۔ اس کے نتیجہ میں ہزاروں مسلمانوں کو ہلاک کر دیا گیا، عظیم گلشن ملت کو اجاڑ دیا گیا۔ اور آخر میں خلیفۂ وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی ۴۰ھ میں شہید کر دیا گیا۔ غرضیکہ پانچ سال کی مختصر مدت میں ابن سبا یہودی اور اس کے چیلوں نے لبادۂ اسلام میں اہل اسلام اور مرکز اسلام کو بڑی حد تک مسمار کر ہی ڈالا۔

(۳) شہادتِ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ سے لیکر شہادتِ سیدنا علی رضی اللہ عنہ تک کے ناقابل تلافی ملی نقصانات کے بعد ہر چند کہ مسلمان مہلک مرض شیعیت کی تشخیص کر چکے تھے، تاہم وہ اس مرض کا مداوا کرنے کے لیے خوب سوچ سمجھ کر کوئی قدم اٹھانا چاہتے تھے۔ قبل اس کے کہ اہل اسلام کوئی اقدام کرتے، اہل تشیع نے ایک نیا مسئلہ کھڑا کر دیا اور وہ یہ کہ منصبِ خلافت کو گروہی و نزاعی مسئلہ بنا دیا۔ اس نازک موقع پر بلا توقف اور بر وقت حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے ملی مفاد میں تازہ سازش کا قلع قمع کرنے کا بیڑہ اٹھا لیا۔ انہوں نے فوری فیصلہ فرمایا کہ سازش کو جڑ سے اکھاڑ دیا جائے، ملی تفریق و تقسیم کے عمل کو ختم کر دیا جائے اور مسلمانوں کے اتفاق و اتحاد کو بحال کر دیا جائے۔ ان اعلیٰ مقاصد کی خاطر حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے عظیم ایثار کیا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ جیسے مرد مسلمان و مرد آہن کے حق میں خلافت سے دستبردار ہو گئے۔ اس طرح انہوں نے ہمیشہ کے لیے ایک روشن مثال قائم کر کے نہ صرف شیعہ نقاب پوشوں کو بے نقاب کیا اور مسلمانوں کو کشت و خون سے بچا لیا، بلکہ اتحاد ملی مکمل بحال کر کے وقت کا

بہترین نمائندہ امت بھی فراہم کر دیا۔ ایسے تاریخ ساز اقدام سے چونکہ اہل تشیع بالکل ننگے ہو چکے تھے اور شکست کھا چکے تھے، اس لیے زیر زمین چلے گئے مگر موقع نکال کر انہوں نے محسنِ ملت حضرت حسنؓ کو ان کے لاثانی کارنامے کی پاداش میں خاموشی سے زہر دے کر حرم نبویؐ میں (حسب سابق) شہید کر دیا البتہ قاتلانِ حسنؓ اس اجتماعی و سیسہ پلائی دیوارِ امت میں کوئی شگاف نہ ڈال سکے جس کی بنیاد حضرت حسنؓ نے رکھی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت معاویہؓ کی بیس برسوں کی مضبوط خلافت (سنہ ۴۱ھ تا سنہ ۶۰ھ) کے دوران نہ صرف داخلی طور پر مسلم اتحاد انتہائی مستحکم ہوا اور مرکزِ اسلام کا پیدائشی دشمن قطعی ناکام و نامراد ہوا بلکہ خارجی طور پر بھی مملکت اسلامیہ کو بڑی وسعت ہوئی اور بحر و بر دونوں پر طاقت ور حکمرانی قائم ہوئی۔ خلاصہ یہ ہے کہ بیس سالہ خلافتِ معاویہؓ کی کامیاب داخلی و خارجی پالیسیوں اور حکمت عملیوں نے ایک طرف تو سازشی عناصر کو سر نہ اٹھانے دیا اور دوسری طرف اسلام کی عظمت و شوکت کا پرچم ساری دنیا میں بلند و بالا کر دیا۔ اس تاریخی حقیقت کے ساتھ دوسری تلخ حقیقت یہ ہے کہ امیر المومنین حضرت معاویہؓ کا انتقال ہوتے ہی دبکے ہوئے سانپ بچھو اپنے بلوں سے باہر نکل آئے اور ایک بار پھر حسب معمول جسد اسلام و اسلامیان کو ڈسنے اور ڈنک مارنے لگے۔

(۴) خلافتِ معاویہؓ کے اختتام پر اہل تشیع نے اپنے مذہبی اصول تقیہ پر عمل کیا اور بیعت کے بہانے حضرت حسینؓ کو مسکنِ مکہ ترک کرنے اور کوفہ پہونچنے کا پیغام دیا۔ اس حوالے سے مکہ مکرمہ میں موجود حضرات عبداللہ بن زبیرؓ، عبداللہ بن عمرؓ، عبدالرحمٰن بن ابوبکرؓ اور ابن عباسؓ جیسے جید صحابہ کرام نے حضرت حسینؓ کو حرم بیت اللہ چھوڑنے سے روکا اور پس پردہ سازش سے خبردار کیا۔

لیکن کوفیوں کا آیا ہوا گروہ کسی نہ کسی طرح حضرت حسینؓ (مع اہل وعیال) کو اپنے ساتھ کھسکا لے گیا۔ مکہ معظمہ سے مقام قادسیہ تک حضرت حسینؓ نے حالات کا بغور مشاہدہ کیا جس کی روشنی میں یہ حکمت عملی اپنائی کہ وہاں سے راہ کوفہ کی بجائے راہ دمشق اختیار کر لی۔ انہوں نے حتمی فیصلہ فرمایا کہ اپنے بڑے بھائی حسنؓ کی اتباع میں وحدت امت کو بکھرنے سے بچایا جائے، مسئلہ خلافت پر اجماع ملت قائم کیا جائے۔ ملی مرکزیت کا تحفظ کیا جائے اور دمشق پہونچ کر اپنے رشتے کے بھائی یعنی خلیفہ وقت یزید بن معاویہؓ سے بیعت خلافت کر لی جائے۔ اس مثالی راہ عمل سے روکنے کے لیے ہم سفر کوفی جتھے نے بڑی منت سماجت کی مگر ناکامی ہوئی۔ بس پھر کیا تھا۔ ان سبائیہ شر پسندوں نے اپنا پرانا حربہ استعمال کیا یعنی یہ کہ قافلے میں پہلے اختلافی فضا پیدا کی، پھر شور بونگ مچائی اور ہنگامہ آرائی کی اور آخر میں حضرت حسینؓ کو مقام الطف (کربلا) پر ۶۱ھ میں شہید کر دیا۔ بعد ازاں ان شیعہ ظالموں نے جھوٹے پروپیگنڈے کے ذریعہ قتل حسینؓ کا الزام خلافت یزید بن معاویہؓ پر ڈال دیا۔ اور خود تقیہ کے تحت ماتم حسینؓ کرنے لگے تاکہ تمام مسلمان بالعموم دھوکہ کھا جائیں اور بنو ہاشم بالخصوص خلافت بنو امیہ کے خلاف نفرت میں مبتلا ہو جائیں۔ اس طرح ہاشمی اور اموی مسلمانوں کے مابین رنجش و چپقلش کی پرانی سازش جس کی سرکوبی حضرت حسنؓ اور حضرت معاویہؓ نے مل کر کی تھی، دوبارہ سر اٹھانے لگی۔ پھر رفتہ رفتہ خلافت بنو امیہ کے خلاف کوفی سازش میں ایرانی بھی شامل ہو گئے اور بالآخر تمام منافقین نے مل کر بنو ہاشم کے نام پر خلافت وقت سے بغاوت کا آغاز خراسان سے کر دیا۔ اور ۱۳۲ھ تک خلافت بنو امیہ کا تختہ الٹ کر رکھ دیا۔

(۵) جب خلافت بنو امیہ کے خاتمہ پر ۱۳۲ھ میں خلافت بنو ہاشم یعنی خلافت

بنوعباس قائم ہوئی تو ان ہی داخلی دشمنوں نے اس کی جڑیں بھی حسب معمول کاٹنی شروع کر دی کیونکہ شیعیت کا اصل مقصد تو روزِ اول سے ہی بہر صورت اہل اسلام اور مرکزِ اسلام کو تہس نہس کرنا تھا۔ اس مرتبہ نہ صرف یہ کہ خلافت بنو عباس کے خلاف بغاوت کی گئی بلکہ اس کے مدمقابل ایک الگ متوازی حکومت بھی بنائی گئی۔ یہ شیعہ حکومت (عبیدی فاطمی) ۲۹۷ھ میں شمالی افریقہ میں بنائی گئی جو ۳۸۶ھ تک مصر و شام و حجاز اور یمن تک بھی پھیل گئی۔ اس دوران ۳۱۷ھ میں اہل تشیع نے ابوطاہر قرمطی کی قیادت میں حرم کعبہ پر حملہ کیا اور یہ حملہ عین موسم حج میں کیا گیا۔ انھوں نے حجاج کرام کو قتل کیا بیت اللہ الحرام کے دروازے توڑ دیئے، میزاب رحمت گرا دیا، غلاف کعبہ نوچ پھینکا اور حجر اسود اکھاڑ ڈالا ان بدطینت شیعوں نے بیک وقت تین حرمتوں کی کھلم کھلا بے حرمتی کی یعنی یہ کہ حرمتِ مسجد الحرام، حرمتِ ایام حرام اور حرمتِ خون مسلم کو ایک ساتھ پامال کیا۔ تاریخ کی اس شہادت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اسلام سے بغض و عناد میں تمام تخریب کاریوں کی طرح ابوطاہر قرمطی کے ہاتھوں توہین و تذلیل حرم کا سلسلہ جہاں ماضی میں شیعۂ اول ابن سبا یہودی سے جڑا ہوا ہے۔ وہیں وہ سلسلہ دورِ حاضر کے خمینی تک بھی پھیلا ہوا ہے۔ اس ضمن میں مزید تاریخی شہادتیں اگلی سطور میں ترتیب وار پیش کی جا رہی ہیں۔

(۶) مذکورہ بالا شیعہ حکومت (عبیدی فاطمی) کا چھٹا حکمران ایک انتہائی بد قماش شخص الحاکم تھا جس نے ۳۸۶ھ میں مصر میں اقتدار سنبھالا۔ اس نے اپنے معتمد و مقرب ابوفتوح کو ایک انتہائی مذموم منصوبہ دیکر مدینہ منورہ بھیجا۔ منصوبہ یہ تھا کہ حرم نبوی کی حرمت کو اس طرح روندا جائے کہ حجرۂ رسول اور جسدِ رسول کی بے حرمتی بھی ہو جائے، مطلب یہ کہ حضور اکرمؐ کے محترم و مقدس

حجرے میں موجود آنحضورؐ اور ان کے پہلو میں مدفون شیخین (حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ) تینوں کے اجسامِ اطہر کو نکال باہر کیا جائے۔ اس ذلیل مہم پر ابوفتوح مدینہ طیبہ پہونچ تو گیا، مگر بہت خائف و خوفزدہ رہا۔ اس حال میں وہ الحاکم کے تفویض کردہ منصوبے پر عمل کرنے کی ہمت و جرأت نہ کر سکا اور مدینۃ الرسولؐ سے ناکام و نامراد ہو کر کہیں اور چلا گیا۔

(۷) اسی عبیدی فاطمی دورِ حکومت میں پھر وہی توہینِ حرم کی سازش کی گئی اس بار ۴۱۱ھ میں حلب کے چالیس شیعہ تخریب کار اسی گندی و گھناؤنی اسکیم کے ساتھ مدینہ منورہ پہونچے تاکہ حجرۂ نبویؐ کے انہی تینوں قبورِ اطہر اور اجسامِ اقدس کی تذلیل کی جائے۔ اس ذلیل پروگرام کی خبر جب مسجدِ نبویؐ کے رئیس خدام شیخ شمس الدین صواب کو ہو گئی تو وہ ہوشیار اور منتظر رہے ایک رات پچھلے پہر کو وہ بدبخت چالیس کا ٹولہ مسجدِ نبویؐ تک ضرور پہونچا لیکن قبل اس کے کہ وہ ٹولہ حجرۂ انور تک بڑھے خود بخود زمین دوز ہو گیا یعنی شیخ صواب کے سامنے اس ٹولے کو زمین نے نگل کر جہنم رسید کر دیا۔

(۸) اگلی صدی یعنی چھٹی صدی ہجری میں خلافت بنوعباس کو ایک مجاہدِ اسلام نورالدین زنگیؒ میسر آگیا تو اسلام کی سیاسی مرکزیت کو طاقت و تقویت حاصل ہوئی۔ اس زمانے میں اس مردِ مومن کی قوت و حکمت نے سارے یہود، آلِ یہود (اہلِ تشیع) اور عیسائیوں کی اسلام دشمن سرگرمیوں کا ناطقہ بند کر رکھا تھا۔ یہ سرزمیں شکست خوردہ اس تگڈم نے اپنے انتقام کی پیاس بجھانے کے لیے زیرِ زمین ایک مشترکہ پلان بنایا۔ ان کا پُرخباثت پلان ۵۵۷ھ میں یہ بنا کہ مدینہ طیبہ میں آنحضرتؐ کی آرام گاہِ اکرام کے زیرِ زمین نقب زنی کی جائے اور خاتم النبیینؐ اور ان کے دونوں نائبینؓ کے اجسامِ مبارک کے ساتھ گستاخی کی جسارت کی جائے

اس پلان کے مطابق دو تربیت یافتہ تخریب کار ایامِ حج میں مدینہ منورہ پہونچے اور مسجد نبویؐ کے قریب ترین مقام پر قیام کرکے وہاں سے حجرۂ نبویؐ تک خفیہ سرنگ بنانے لگے۔ دریں اثناء نورالدین زنگیؒ خواب میں سرورِ کائناتؐ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آنحضورؐ نے ان کو خواب میں نہ صرف دشمنوں کی کارروائی سے مطلع فرمایا بلکہ دونوں مردود تخریب کاروں کے چہرے بھی دکھا دیئے۔ آنکھ کھلتے ہی مردِ مومن نورالدین زنگیؒ حرمِ نبویؐ کی جانب روانہ ہوگیا اور ٹھیک اس جگہ پہونچ گیا جہاں سے نقب زنی کے لیے سرنگ نکالی جارہی تھی۔ انہوں نے دونوں ملعون نقب زنوں کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا اور فوراً ٹھکانے لگا دیا۔ یوں نورالدینؒ نے طاغوت کا منصوبہ مٹی میں ملا دیا۔

(۹) مردِ مومن نورالدین زنگیؒ کی ۵۶۹ھ میں وفات کے بعد ان کے اسلامی مشن کو مردِ مجاہد صلاح الدین ایوبیؒ نے پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔ غازی صلاح الدین ایوبیؒ نے ایک طرف تو ۵۶۷ھ میں سازشی شیعہ حکومت (عبیدی فاطمی) کو ختم کرکے خلافتِ بنوعباس میں شامل کر دیا۔ اور دوسری طرف ۵۸۳ھ میں قبلۂ اوّل بیت المقدس کو یہودی وعیسائی قبضہ سے پاک کر دیا۔ مختصر یہ کہ عظیم مردِ مجاہد غازی صلاح الدین ایوبیؒ نے مختصر مدت میں یہ عظیم تاریخی کارنامہ انجام دیا کہ شیعیت یہودیت اور عیسائیت کے طاغوتی تگڈم کو پاش پاش کر دیا اور مرکزِ اسلامؐ اہلِ اسلام اور مقدس مقاماتِ اسلام کو اغیار کی دستبرد سے محفوظ کر دیا۔ اس فاتحِ اسلام (متوفی ۵۸۹ھ) نے سرکشوں کے کس بل نکال کر ایسا سرنگوں کیا کہ برسوں بعد تک ان مخالفینِ اسلام کی کمر ٹوٹی رہی۔

(۱۰) خلافتِ بنوعباس ۶۵۶ھ تک پوری دنیا میں علمی سیاسی اور عسکری لحاظ سے عروج پر پہونچ چکی تھی جسے منافقین بھلا کب برداشت کرسکتے تھے۔ لہٰذ

دنیا کی قوی ترین مسلم خلافت کو تباہ کرنے کی خاطر اہل تشیع کے دو شاطر دماغ ابن علقمی اور نصیر طوسی نے اسلام کے بد ترین دشمن تاتاریوں کے سردار ہلاکو خان سے گٹھ جوڑ کر لیا۔ اس تخریبی چال کے نتیجہ میں خونخوار ہلاکو خان پوری شیعہ قوم کی مدد سے ۶۵۶ھ میں خلافتِ عباسیہ پر حملہ آور ہوا۔ اس طرح "شیعہ ہلاکو" ملی بھگت سے لاکھوں مسلمانوں کا قتل عام کیا، خلیفہ مستعصم باللہ کو ذبح کیا، دینی و علمی مراکز کو خاکستر کیا اور دنیا کی عظیم ترین خلافت عباسیہ کو تہس نہس کر دیا۔ مختصر یہ کہ وہ تابناک مسلم تہذیب و تمدن، مسلم مرکزیت اور اسلامی خلافت جو اپنے نقطۂ عروج پر تھی اہل تشیع کے ہاتھوں نیست و نابود ہو گئی۔

(۱۱) زوالِ خلافتِ عباسیہ (۶۵۶ھ) کے جلد ہی بعد مسلم مرکزیت کا احیاء ۶۹۹ھ میں ہو گیا جب خلافتِ عثمانیہ وجود میں آئی۔ عالمی سطح پر خلافت عثمانیہ تقریباً سات سو سال کے طویل عرصہ تک قائم رہی۔ حالانکہ یہ مرکزی مملکت اسلامیہ ان سات صدیوں میں بیک وقت تین براعظموں یعنی یورپ، ایشیا اور افریقہ پر چھائی رہی اور اس کے زیر اثر دنیا کے تمام اہم بحر و بر رہے۔ پھر بھی یہ مستحکم خلافت مسلسل اغیار کے نرغے میں ذک اٹھاتی رہی۔ بالخصوص ایران کی تمام شیعہ حکومتیں یعنی صفوی، قاچاری اور پہلوی حکومتیں یکے بعد دیگرے خلافت عثمانیہ کے خلاف نہ صرف گوناگوں ریشہ دوانیوں اور چیرہ دستیوں میں شامل رہیں، بلکہ باقاعدہ محاذ آرائیاں اور جنگی کارروائیاں بھی کرتی رہیں۔ آخر میں دشمنانِ اسلام نے ترپ کا پتا استعمال کیا اور داخلی بغاوت کے ذریعہ نہ صرف عالمی خلافت کو غارت کر دیا، بلکہ دنیا سے خلافت کا نام و نشان بھی غائب کر دیا۔ ۱۳۴۲ھ یعنی ۱۹۲۴ء میں خلافت عثمانیہ کی قانوناً تنسیخ کر دی گئی جس کی وجہ سے تاریخ کا سب سے بڑا المیہ یہ رونما ہوا کہ مسلمانوں کا مرکزی

ادارۂ خلافت صفحۂ دنیا سے پہلی مرتبہ مٹا دیا گیا۔

(۱۲) صدیوں پر محیط مرکزی خلافت کے ساتھ ساتھ دنیائے اسلام کا دوسرا دفاعی مورچہ ہمیشہ برصغیر جنوبی ایشیا رہا۔ اس قلعۂ اسلام میں بھی رخنے ڈالنے اور یہاں بھی غلبۂ اسلام کو غتر بود کرنے کے لیے شیعہ منافقین اپنے کرتوت اور کارستانیوں میں لگاتار لگے رہے۔ اختصار کی خاطر اتنا اشارہ کافی ہے کہ اس خطۂ مسلم پر بھی بیرونی اور اندرونی، دونوں طرح کی یلغار جاری رہیں۔ مثلاً اگر بیرونی طور پر نادر شاہ ایرانی اور تیمور لنگ جیسے غارت گر یورشیں کرتے رہے تو اندرونی طور پر میر جعفر اور میر صادق جیسے غدار شبخوں مارتے رہے (بقول شاعر: جعفر از بنگال و صادق از دکن ۔ ننگ ملت، ننگ دیں، ننگ وطن) بہرکیف برصغیر جنوبی ایشیا میں بھی صدیوں کا غلبۂ اسلام شیعوں کی شیطنت کے نذر ہو گیا اور ۱۸۵۷ء میں اغیار کے ہاتھوں مغلوب ہو گیا۔ اس کے بعد جب مذکورہ بالا سانحۂ خلافت عثمانیہ (۱۹۲۴ء) بھی رونما ہو گیا تو اس دوہرے حادثہ نے متحدہ ملت اسلامیہ عالم کو منتشر و متفرق کر کے رکھ دیا۔ مطلب یہ ہے کہ پہلے خلافت عثمانیہ کے زیر اثر برصغیر کی مسلم حکومت زیر کی گئی اور پھر خاتمۂ خلافت کے ذریعہ دنیا کی بقیہ مسلم حکمرانی کئی ٹکڑیوں میں بانٹ دی گئی۔

اسرائیل کی ناجائز ولادت اور سیاسی سازشوں کا نیا دور

(۱) اگرچہ ۱۹۲۴ء میں عالم اسلام کا مرکزی ادارۂ خلافت مسمار کیا جا چکا تھا اور اہل اسلام چھوٹے چھوٹے علاقوں، خطوں اور ملکوں میں تقسیم کئے جا چکے تھے، پھر بھی یہود اور آل یہود اپنی سیاسی بساط شطرنج پر ان بکھرے ہوئے مسلمانوں کو اور دبے میں پینے اور مکمل مات دینے میں معروف رہے۔ اس سازشی پس منظر کے باوجود ۱۹۴۷ء میں دنیا کے نقشہ پر وقت کا سب سے بڑا مسلم ملک

پاکستان نمودار ہو گیا، چنانچہ پوری عالمی یہودیت حرکت میں آگئی اور اس کے دونوں عالمی مہروں یعنی امریکہ اور روس کے اتصال سے اگلے ہی سال ۱۹۴۸ء میں مسلمانوں کی اہم سرزمینِ فلسطین پر "اسرائیل" کا ناجائز تولد ہو گیا۔ اس نئی ناجائز ریاست کا مقصد یہ تھا کہ اسرائیل اور ایران مل کر ایک طرف تو پاکستان کے پرخچے اڑا سکیں اور دوسری طرف مسلم مشرقِ وسطیٰ (بشمول حرمین شریفین) پر بالادستی حاصل کر سکیں۔ یہ ہی وجہ ہے کہ دو سال کے اندر ۱۹۵۰ء میں جہاں اسرائیل اور ہندوستان کے مابین سفارتی تعلقات استوار ہو گئے، وہیں اسرائیل اور ایران میں ایک دوسرے کے سفارتی مشن بھی قائم ہو گئے۔ اسطرح پوری امت اسلامیہ کے خلاف یہود، آلِ یہود (ابن تشیع) اور ہنود کا نیا تکون وجود میں آیا اور یہ تکون یا تگڈم عالمی طاقتوں (امریکہ اور روس) کی اعانت سے آج تک برسرِ عمل ہے جسب پروگرام اسرائیل نے مشرقِ اوسط کے مسلم ممالک پر جنگ آزمائی شروع کر دی اور ۱۹۶۶ء تک اپنی ناجائز زمین میں مزید اضافہ کر لیا۔ اس کے بعد اسرائیل نے ۱۹۶۷ء میں مسلمانوں کے قبلہ اول (بیت المقدس) پر بھی قبضہ کر لیا، مگر پھر بھی اس کا توسیعی منصوبہ جاری رہا۔ ایک جانب اگر اسرائیل پیہم مسلم عرب کے خلاف برسرِ جنگ رہا تو دوسری جانب ایران تیل کا ایندھن اسرائیل کو مسلسل فراہم کرتا رہا۔ جب ۱۹۷۹ء میں خمینی نے ایرانی اقتدار سنبھالا تو ایران و اسرائیل تعلقات مزید مستحکم ہو گئے ۱۹۸۰ء میں ایران کو اسرائیل نے جدید اسلحہ فراہم کرنے کا آغاز کیا "تاکہ ایران" اسلام" کے نام پر اسلامی بلادِ عرب کو زیر و زبر کر سکے۔ اسی بنا پر ایران ۱۹۸۰ء میں ہی عراق سے برسرِ پیکار ہو گیا اور کچھ عرصہ بعد اسرائیل بھی عراق کی ایٹمی و جوہری تنصیبات پر حملہ آور ہوا۔ ایران کو اسرائیلی ہتھیاروں کی فراہمی آج تک جاری ہے اور ایران اپنے آقا کے لیے پورے عرب کو ہتھیانے پر تلا ہوا ہے۔ یہ ہی وجہ

ہے کہ لبنان میں بھی اسرائیلی پشت پناہی کے ساتھ ایرانی گماشتے (امل ملیشیا وغیرہ) فلسطینی مسلمانوں کو ذبح کرتے رہتے ہیں۔ غرضیکہ ۱۹۴۸ء سے ہی اسرائیل اور ایران کا مشترکہ منصوبہ یہ ہے کہ مسلم عرب (بالخصوص حرمین مقدس) کا جلد تیا پانچا کر دیا جائے۔

(۲) ادھر پاکستان میں بھی اغیار کی ٹھیک وہی سازشی سیاست کار فرما رہی قیام پاکستان (۱۹۴۷ء) کے صرف آٹھ سال بعد ہی ۱۹۵۵ء میں ایک سازش کے ذریعہ شیعہ کارندہ اسکندر مرزا ملک کا سربراہ بن بیٹھا جس نے صرف تین سال (۱۹۵۵ تا ۱۹۵۸ء) کی مختصر مدت میں پاکستان پر چار ضرب کاری لگا دیئے۔ اولاً یہ کہ پاکستانی صوبہ بلوچستان کی ریاست قلات کے خلاف جارحانہ اقدام کیا کیونکہ وہاں عرصہ دراز سے شرعی قوانین نافذ تھے۔ دوسرے یہ کہ اسی پاکستانی صوبہ بلوچستان (ملحقہ ایران) کا ایک بڑا سرحدی رقبہ جو تیل کی دولت سے مالا مال تھا ایران کے حوالے کر دیا تیسرے یہ کہ پاکستان کا اسلامی آئین منسوخ کر ڈالا اور چوتھے یہ کہ ایرانی النسل نصرت بھٹو کے شوہر ذوالفقار بھٹو کو مرکزی وزیر بنا دیا جس نے آگے چل کر دوسرے شیعہ سربراہ مملکت آغا یحیٰی کے مشن کو مکمل کرنے میں بھرپور کردار ادا کیا اور ۱۹۷۱ء میں بالآخر پاکستان کو ان دونوں نے دو ٹکڑے کر ڈالا جو کہ اس وقت کی سب سے بڑی اسلامی مملکت نہ صرف سارے اسلامیانِ عالم کے لیے مضبوط دفاعی ڈھال اور دینِ اسلام کیلئے مضبوط قلعہ کا درجہ رکھتی تھی بلکہ حرمین شریفین کے لیے بھی حفاظتی حصار کا مقام رکھتی تھی، لہٰذا دشمنانِ اسلام نے اسکیم یہ بنائی کہ پاکستان کو اندرونی خانہ جنگی اور بیرونی حملے کا بیک وقت نشانہ بنایا جائے تاکہ چکی کے ان دو پاٹوں کے درمیان اسے پیس دیا جائے۔ ۱۹۷۱ء میں یہ ہی کچھ ہوا۔ آغا یحیٰی اور ذوالفقار بھٹو نے ملکر پاکستانی اکثریت کے منتخب کردہ نمائندے مجیب الرحمٰن کو اقتدار سپرد کرنے سے انکار کر دیا۔ ظاہر ہے کہ اس ظلم و زیادتی کے خلاف حسب توقع مجیب الرحمٰن کے حلقہ انتخاب مشرقی پاکستان میں زبردست سیاسی احتجاج شروع ہو گیا

اور طے شدہ پروگرام کے مطابق یحییٰ اور بھٹو نے وہاں فوجی کارروائی کے ذریعہ نہ صرف خانہ جنگی بپا کردی بلکہ ہندوستان کو بھی بالواسطہ دعوت دے دی کہ وہ حرکت میں آجائے اور موقع سے فائدہ اٹھا کر حملہ کر دے۔ جواباً ہندوستان نے وہی کیا اور مشرقی پاکستان کو یک دم مغربی پاکستان سے کاٹ کر جدا کر دیا۔ بالآخر ایک ہی تیر سے دو شکار کر لئے گئے، پاکستان آدھا کر دیا گیا اور بچا کچھا مغربی پاکستان (ملحقہ ایران) آئندہ ایران کے لیے ایک لقمہ تر بنا دیا گیا۔ اس کا مزید ثبوت یہ ہے کہ یحییٰ نے بچے کھچے پاکستان کا اقتدار ناجائز طور پر بھٹو کے حوالے کر دیا اور بھٹو نے اعلان کیا کہ "نئے پاکستان" کا بڑا بھائی ایران ہے بعد ازاں شہنشاہ ایران کے اشارے پر بھٹو نے پاکستانی صوبہ بلوچستان (ملحقہ ایران) میں فوجی کارروائی کی تاکہ وہاں ایران موقع نکال کر قبضہ جما لے۔ مگر بلوچی مسلمانوں نے اس شیعہ سازش کو ناکام بنا دیا پھر ۱۹۷۷ء میں پوری پاکستانی قوم نے بھٹو کو اٹھا کر باہر پھینک دیا اور مخلص مسلمان جنرل ضیاء الحق کو موقع فراہم کیا کہ وہ اصلاح احوال کر سکیں۔ جب ۱۹۷۷ء سے صدر ضیاء الحق نے ٹوٹے پھوٹے پاکستان کی اسلامی بنیادوں پر تعمیر نو شروع کی تب سے ہی یہود اور آل یہود (اہل تشیع) نے آج تک واویلا مچایا ہوا ہے۔ ایک ہدف تو یہ ہے کہ پاکستان کا اسلامی تشخص مٹا کر اسے پانچ قومیتوں میں تقسیم کر دیا جائے اور دوسرا ہدف یہ ہے کہ پاکستان کی مادی و دفاعی قوت کو مفلوج کر دیا جائے مثلاً ایک طرف تو معروف شیعہ لیڈر و شاعر رئیس امروہوی کا فتنہ پرور اعلان کہ "پنجتن کی قسم پاکستان میں پانچ قومیتیں ہیں (جنگ کراچی ۵ ستمبر ۱۹۸۶ء) نے پوری تحریک کھڑی کر دی تو دوسری جانب شیعہ صحافی مشاہد حسین نے پاکستان کے جوہری اور ایٹمی توانائی پروگرام کو سبوتاژ کرنے کے لیے ۱۹۸۷ء میں عالمی اسکینڈل کھڑا کر دیا تاکہ کچلے ہوئے پاکستان کا مزید کچومر نکال دیا جائے۔ المختصر، پاکستان کے خلاف روز اول سے سازش یہ جاری ہے

کہ اس عظیم مسلم ملک کو دنیا کے اہلِ اسلام اور مرکزِ اسلام (حرمین شریفین) کا محافظ بننے سے بہرصورت باز رکھا جائے۔

جدید ایران و اسرائیل کا یکساں وحتمی ہدف — حرمین شریفین

سطورِ بالا میں پچھلی چودہ صدیوں کا جو مختصر تاریخی جائزہ پیش کیا گیا ہے، وہ یہودیت اور شیعیت کے بنیادی حقائق کو بیک نظر واضح کردیتا ہے۔ اوّلاً یہ کہ مذہب شیعہ کا بانی مبانی ابن سبا یہودی تھا۔ دوسرے یہ کہ ابن سبا کے ناطے شیعیت نسلاً اور اصلاً وہی یہودیت ہی ہے۔ تیسرے یہ کہ اس رشتے سے یہود اور آلِ یہود (اہلِ تشیع) دونوں ہی اسلام کے خلاف گذشتہ چودہ صدیوں سے مسلسل تخریب کاری کرتے رہے ہیں اور چوتھے یہ کہ اسی دیرینہ نسبت سے نہ صرف شیعیت اور یہودیت کا نصب العین ایک ہے بلکہ عصرِ حاضر کے ایران اور نوزائیدہ اسرائیل کا حتمی ہدف بھی یکساں ہے۔ البتہ جب وہ عالمی خلافتِ عثمانیہ جو دنیا کی سپر پاور بھی تھی اور دنیا کے تمام مسلمانوں کا سیاسی مرکز و محور بھی تھی درہم برہم کردی گئی۔ اس کے بعد ہی یہود اور آلِ یہود نے اپنا حتمی ہدف مسلمانوں کا "روحانی مرکز" بنایا۔ اسی غرض سے نئی حکمتِ عملی کے تحت پہلے مرحلے میں اسرائیل نے جنم لیا۔ دوسرے مرحلے میں اسرائیل نے ایران کی بالواسطہ اعانت سے مسلمانوں کے قبلۂ اوّل (بیت المقدس) پر قبضہ کیا اور پھر تیسرے اور آخری مرحلے میں یہ دونوں ممالک مرکزِ اسلام یعنی حرمین شریفین پر تسلط کے لیے ہر ابلیسی حربہ استعمال کرتے رہے ہیں۔ ۱۹۴۸ء میں ولادتِ اسرائیل کے موقع پر ہی اسرائیلی وزیرِ اعظم بن گوریان نے اعلان کردیا تھا کہ یہودی حکومت ان تمام مسلم علاقوں پر قبضہ کرے گی جہاں سے یہودی نکالے گئے تھے۔ اسی لیے اسرائیلی پارلیمنٹ بلڈنگ پر جو "وسیع تر اسرائیل" کا نقشہ آویزاں ہے اس کی حدود میں حرمینِ مقدس شامل ہیں۔ ٹھیک اسی یہودی

نقشہ پر ایرانی سربراہ خمینی عرصۂ دراز سے گامزن ہے جس کے چند شواہد درج ذیل ہیں

(۱) خمینی نے ایران کی سربراہی (۱۹۷۹ء) سے برسوں پہلے ولادتِ اسرائیل کے وقت ایک نہایت معنیٰ خیز کتاب "کشف الاسرار" لکھی تھی جس میں اس نے گیارہویں صدی ہجری کے شیعہ پیشوا باقر مجلسی کی تحریر "حق الیقین" کو بہت نمایاں کیا تھا اور باقر مجلسی کی زبانی خمینی نے بالواسطہ یہ دعویٰ کیا تھا کہ:-

(الف) جب "صاحب الامر" اپنے منصب پر فائز ہو جائیں گے تو سب سے پہلے مکہ معظمہ پر قبضہ کریں گے۔

(ب) پھر وہ صاحب الامر مدینہ منورہ جا کر پہلے محمدؐ سے بیعت لیں گے، پھر ابوبکرؓ اور عمرؓ کو قبروں سے نکال کر زندہ کریں گے اور سولی پر چڑھائیں گے۔

(ج) پھر عائشہؓ کو زندہ کر کے سزا دیں گے اور آخر میں تمام سنیوں (مسلمانوں) خصوصاً علماء کو قتل کر کے نیست نابود کر دیں گے۔

(بحوالہ "حق الیقین"، صفحات ۱۳۹، ۱۴۸، ۵۲۷)

(۲) خمینی نے اپنی حکومت قائم کرنے سے کچھ ہی پہلے اپنا ابلیسی منصوبہ براہِ راست بھی منکشف کر دیا تھا۔ اور کہا تھا کہ "دنیا میں ہماری قوت اس وقت تک تسلیم نہیں ہو سکتی جب تک مکہ اور مدینہ پر ہمارا قبضہ نہیں ہو جاتا اور چونکہ یہ علاقہ مہبط الوحی اور مرکزِ اسلام ہے اس لئے اس پر ہمارا تسلط ضروری ہے اور میں جب فاتح بن کر مکہ اور مدینہ میں داخل ہوں گا تو روضۂ رسولؐ میں پڑے ہوئے دو بتوں یعنی ابوبکرؓ اور عمرؓ کو نکال باہر کر دوں گا۔"

(بحوالہ خمینی ازم اور اسلام صفحہ ۸، مؤلفہ ابو ریحان فاروقی)

(۳) خمینی نے ۱۹۷۹ء میں اپنی حکومت قائم کرنے کے بعد پوسٹروں اور بینروں

کے ذریعہ اپنے جس پلان کی تشہیر کرائی اس کی عبارت یہ تھی کہ "ہم جنگ آنہ جاری رکھیں گے یہاں تک کہ غاصبوں کے قبضے سے اپنی مقدس زمینیں (یعنی عراق کربلا اور سعودی مکہ مدینہ منورہ) اور خانہ کعبہ اور یروشلم واپس لے لیں گے"۔

(بحوالہ ماہنامہ "الفرقان" لکھنؤ اگست ۱۹۸۷ء صفحہ ۱۱)

(۴) ایرانی اقتدار فروری ۱۹۷۹ء میں خمینی کے ہاتھ آیا اور صرف نو ماہ بعد ہی ایک مسلح گروہ نے حرم کعبہ پر نومبر ۱۹۷۹ء میں حملہ کیا، سینکڑوں مسلمانوں کو ہلاک کیا اور دو ہفتوں سے زیادہ تک حرم بیت اللہ پر قبضہ جمائے رکھا تاہم ناپاک قبضہ ناکام ہو کر رہا۔

(۵) اس کے بعد ہر سال عین حج کے دوران خمینی کے کارندے حدود حرمین میں ہنگامے کر کے حرمت حرمین پامال کرتے رہے۔ مرکز امن کو پراگندہ کرنے کا یہ شیطانی دھندہ گذشتہ سال ۱۹۸۶ء تک لگاتار چلتا رہا۔ حالانکہ ۱۹۸۶ء میں ہی حرمین کو آتشیں بموں سے اڑا دینے کی سازش پکڑی جا چکی تھی (تفصیل اوپر ابتدائیہ میں مذکور ہے) اس کے باوجود ۱۹۸۷ء کے حج کے لیے خمینی نے اپنی آل اولاد کو یہ ہدایات دیں تھیں کہ "حج کو کافروں سے اظہار برات تبرا کے لیے استعمال کریں اور ایام حج میں زبردست مظاہروں کا فریضہ انجام دیں اور یہ کہ یہ حج بالکل فیصلہ کن اور کچل دینے والا (CRUSHING) حج ہونا چاہیے۔

(بحوالہ "ایمپکٹ انٹرنیشنل" لندن ۱۴ تا ۲۷ اگست ۱۹۸۷ء)

ان ہی ہدایات کے مطابق ۳۱ جولائی ۱۹۸۷ء کو جو مسلح جلوس حرم کعبہ کے اطراف مارچ کر رہا تھا، اس کے بینروں پر صاف لکھا ہوا تھا کہ "لبیک یا خمینی" اور "اپنے آپ کو مسلح کر لو اور ہتھیار اٹھا لو"، اس کے ساتھ ہی اس مسلح ٹولے نے خونخواری و خون ریزی برپا کی جس کی تفصیل منظر عام پر آ چکی ہے۔ خلاصہ یہ ہے

کہ عصر جدید میں اسرائیل اور ایران دونوں کا حتمی ہدف مسلمانوں کا مرکز روحانی "حرمین" ہے۔ لہٰذا حرمین کو تاخت وتاراج کرنے اور اس سرزمین مقدس پر قبضہ کرنے کے لیے آج کل حکمت عملی یہ ہے کہ ہراول دستہ تو ایران کا ہو اور اس کو کمک اسرائیل پہنچا رہا ہے۔

حاصل کلام

آج سانحۂ حرم کے حوالے سے یہود اور آل یہود (اہل تشیع) کی بجھپلی جو دہ صدیوں سے جاری اسلام دشمنی طشت ازبام ہو چکی ہے اور قرن اوّل کے ابن سبا یہودی (بابائے شیعیت) سے لے کر دورِ حاضر کے خمینی تک تمام چہرے تاریخ کے آئینہ میں بالکل بے نقاب ہو چکے ہیں۔ لہٰذا اب آخری موقع ہے کہ مسلمانانِ عالم خواب غفلت سے بیدار ہوں اور اپنی بقا اور اپنے مرکز حرمین شریفین کی حفاظت کیلئے کم از کم ان آستین کے سانپوں کی بلا تاخیر اور مکمل سرکوبی کر دیں۔ ایک جوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے!

بریلوی مکتب فکر کے مقتدا اور پیشوا اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی کا فتویٰ!

بالجملہ ان رافضیوں تبرائیوں کے باب میں حکم قطعی اجماعی یہ ہے کہ وہ علی العموم کفار مرتدین ہیں۔ ان کے ہاتھ کا ذبیحہ مردار ہے۔ ان کے ساتھ مناکحت نہ صرف حرام بلکہ خالص زنا ہے۔ معاذ اللہ مرد رافضی اور عورت مسلمان ہو تو یہ سخت قہر الٰہی ہے۔ اگر مرد سنی اور عورت ان خبیثوں کی ہو جب بھی ہرگز نکاح نہ ہوگا محض زنا ہوگا۔ اولاد ولد الزنا ہوگی۔ باپ کا ترکہ نہ پائے گی۔ اگرچہ اولاد بھی سنی ہی ہو کہ شرعاً ولد الزنا کا باپ کوئی نہیں۔ عورت نہ ترکہ کی مستحق ہوگی نہ مہر کی۔ کہ زانیہ کے لئے مہر نہیں۔ رافضی اپنے کسی قریب حتی کہ باپ بیٹے ماں بیٹی کا بھی ترکہ نہیں پا سکتا۔ سنی تو سنی کسی مسلمان بلکہ کسی کافر کے بھی یہاں تک کہ خود اپنے ہم مذہب رافضی کے ترکہ میں اس کا اصلاً کچھ حق نہیں۔ ان کے مرد عورت عالم جاہل کسی سے میل جول سلام کلام سب سخت کبیرہ اشد حرام۔ جو ان کے ملعون عقیدوں پر آگاہ ہو کر پھر بھی انہیں مسلمان جانے یا ان کے کافر ہونے میں شک کرے باجماع تمام ائمہ دین خود کافر بے دین ہے اور اس کے لئے بھی یہی سب احکام ہیں جو ان کے لئے مذکور ہوئے۔ مسلمانوں پر فرض ہے کہ اس فتویٰ کو بگوش ہوش سنیں اور اس پر عمل کرکے سچے پکے مسلمان سنی بنیں۔

وباللہ التوفیق واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

کتبہ

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی عفی عنہ

محمدی سنی، حنفی، قادری ۱۳۰۱ھ
عبد المصطفیٰ احمد رضا خان

بریلوی مکتب فکر کے مقتدا اور پیشوا اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی کا فتویٰ

بالجملہ، ان رافضیوں تبرائیوں کے باب میں حکم قطعی اجماعی یہ ہے کہ وہ علی العموم کفار مرتدین ہیں۔ ان کے ہاتھ کا ذبیحہ مردار ہے۔ ان کے ساتھ مناکحت نہ صرف حرام بلکہ خالص زنا ہے۔ معاذ اللہ مرد رافضی اور عورت مسلمان ہو تو یہ سخت قہر الٰہی ہے۔ اگر مرد سنی اور عورت ان خبیثوں کی ہو جب بھی ہرگز نکاح نہ ہوگا محض زنا ہوگا اولاد ولد الزنا ہوگی، باپ کا ترکہ نہ پائے گی۔ اگرچہ اولاد بھی سنی ہی ہو کہ شرعاً ولد الزنا کا باپ کوئی نہیں۔ عورت نہ ترکہ کی مستحق ہوگی نہ مہر کی کہ زانیہ کے لئے مہر نہیں۔ رافضی اپنے باپ کسی قریب حتیٰ کہ باپ بیٹے ماں بیٹی کا بھی ترکہ نہیں پا سکتا۔ سنی تو سنی کسی مسلمان بلکہ کسی کافر کے بھی یہاں تک کہ خود اپنے ہم مذہب رافضی کے ترکے میں اس کا اصلاً کچھ حق نہیں۔ ان کے مرد عورت عالم جاہل کسی سے میل جول سلام کلام سب سخت کبیرہ اشد حرام۔ جو ان کے ملعون عقیدوں پر آگاہ ہو کر پھر بھی انہیں مسلمان جانے یا ان کے کافر ہونے میں شک کرے باجماع تمام ائمہ دین خود کافر بے دین ہے اور اس کے لئے بھی یہی احکام ہیں جو ان کے لئے مذکور ہوئے۔ مسلمانوں پر فرض ہے کہ اس فتویٰ کو بگوش ہوش سنیں اور اس پر عمل کر کے سچے پکے سنی مسلمان بنیں۔

وما للّٰہ التوفیق واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

کتبہ

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

محمدی، سنی، حنفی، قادری ۱۳۰۱ھ
عبد المصطفیٰ احمد رضا خان

باب دوم

مکہ مکرمہ کی خونی کہانی ــــ تصاویر کی زبانی

باب اوّل میں یہ تاریخی حقیقت تو بالکل واضح ہو چکی ہے کہ پچھلی چودہ صدیوں سے یہود اور آلِ یہود (اہل تشیع) مسلسل اور مشترکہ طور پر اسلام کے "سیاسی مرکز" اور اسلام کے "روحانی مرکز" دونوں کے خلاف تخریب کاریاں کرتے چلے آئے ہیں آخر کار جب اِن دشمنانِ اسلام نے ۱۹۲۴ء میں دنیا سے پہلی مرتبہ عالمی لوارۂ خلافت ختم کر ڈالا یعنی یہ کہ خلافت عثمانیہ جیسا مضبوط و مستحکم اور آخری سیاسی مرکز اسلامیہ دنیا کی تاریخ سے مٹا ڈالا تو پھر ان کا اصل ہدف مسلمانوں کا روحانی مرکز (حرمین مقدس) بن گیا۔ اسلام کے باقی ماندہ اس دوسرے مرکز یعنی حرمین شریفین کو بھی تباہ و برباد کرنے کے لیے عالمی یہودیت اور شیعیت نے پہلے سے زیادہ سرگرم ہو کر مختلف حربے اور ہتھکنڈے ــــ استعمال کرنا شروع کر دیئے اسی مقصد سے ۱۹۴۸ء میں اسرائیل وجود میں آیا۔ اور آگے چل کر ۱۹۷۹ء میں ایران کا اقتدار خمینی کے ہاتھوں میں آیا۔ فروری ۱۹۷۹ء میں ایرانی اقتدار خمینی کے ہاتھ آنے کے صرف نو ماہ بعد ہی ایک مسلح گردِ شیاطین نے نومبر ۱۹۷۹ء میں حرم کعبہ پر قبضہ کر لیا جو سترہ روز تک جاری رہا۔ تاہم بڑی مشکل سے کعبۃ اللہ کو اس ناپاک قبضہ سے آزاد کرا لیا گیا۔ اس کے باوجود اگلے ہی سال سے خمینی کے کارندوں نے ہر سال موسم حج اور حدود حرمین کے اندر نعروں، مظاہروں اور ہنگاموں کا سلسلہ قائم کر دیا جو تا حال جاری و ساری ہے۔ دریں اثنا ۱۹۸۶ء میں ایرانی دہشت گردوں نے حرمین مقدس کو آتش گیر بارود سے اڑا دینے کی بھی عملی کوشش کی۔ مگر ناکام بنا دی گئی اور تمام مجرم پکڑے گئے۔ اس ناکامی

ونامرادی کے سبب اگلے سال ۱۹۸۷ء میں دوسرے پلان کے تحت حرم مکہ میں بہت بڑے پیمانے پر قتل وغارت گری بپا کی اور وہ بھی حسب سابق عین ایام حج میں۔ یاد رہے کہ دور جاہلیت میں کفار ومشرکین تک حرم مبارک کا اتنا احترام کرتے تھے کہ حدود حرم میں اپنے دشمن کو بھی گزند نہیں پہونچاتے تھے۔ پھر جب اسلام آیا تو نبی کریم نے فرمایا کہ حدود حرم میں حیوانات ونباتات کو بھی کوئی گزند نہ پہونچائی جائے اس کے بعد یہ حکم بھی فرمادیا گیا کہ حالت احرام میں کوئی مسلمان وہاں مکھی اور مچھر تک نہ مارسکے۔ ان صریح احکامات کے باوجود خمینی کے شیعوں نے اس عظیم بیت اللہ الحرام کی عظمت وحرمت پامال کرتے ہوئے وہاں سینکڑوں مسلمانوں کا بے دریغ خون بہایا۔ یہ ہے شیعہ مذہب کا عملی مظہر۔ اس حالیہ خوں خواری اور خونی کہانی کی تفصیلات یہاں دوہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس لیے کہ یہ سب کچھ دنیا کے اخبارات میں شائع ہوچکی ہیں۔ البتہ یہاں شائع شدہ تصاویر میں سے چند تصاویر ضرور ملاحظہ فرمائیے اور ان شیعہ شیاطین کے ابلیسی عزائم وجرائم کا مشاہدہ کر لیجئے کہ کس طرح عالمی یہودیت کے تحت یہ آلۂ یہود اہل تشیع عالمی مرکز اسلام (حرمین شریفین) کو نیست ونابود کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ اس مشاہدے سے وہ تازہ ترین سازش سمجھ جاسکے گی جو آگے باب سوم میں پیش کی جارہی ہے۔

ایرانیوں کے

جرم کا منہ بولتا ثبوت

حرمین کو بارود سے اڑانے کی کوشش

تصاویر کے آئینہ میں ۔ ۷ ؍ اگست ۱۹۸۶ء
(۳ ؍ ذوالحجہ ۱۴۰۶ھ)



ایک ایرانی حاجی جو ایران کے حکام کی دی ہوئی ہدایات بتا رہا ہے

ایرانی حاجیوں نے گزشتہ سال آتشگیر مادہ لانے کی کوشش کی تھی

سعودی پریس ایجنسی جدہ سعودی ٹیلیویژن نے گزشتہ شام ایک دستاویزی فلم دکھائی ہے جس میں دکھایا گیا تھا کہ گزشتہ برس بعض ایرانی حاجیوں نے شاہ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایرپورٹ کے ذریعے آتش گیر مادے کی ایک بھاری مقدار سعودی عرب میں لانے کی کوشش کی تھی تفتیش کے دوران ایک بیگ کی بغلی تہہ سے آتشگیر مادہ برآمد ہوا۔ اس مادے کا مجموعی وزن ایک دو کلوگرام تک پہنچ گیا۔ آتش گیر مادے کے ایک سعودی ماہر نے بتایا ہے کہ یہ مادہ سی فور (۴ ۔ سی) کہلاتا ہے اور یہ آر ڈی ایکس مواد پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ سخت ترین فوجی پلاسٹک آتشگیر مادہ شمار ہوتا ہے یہ مادہ تجارتی مقاصد کے لیے نہیں ہے بلکہ صرف فوجی مقاصد کے لئے فوجی فیکٹریوں میں ہی تیار ہوتا ہے اور اس مادے کا ایک کلوگرام صندوق ایک گاڑی کو تباہ کرنے اور دس میٹر کے قطر کے دائرے میں ۸۵ فیصد لوگوں کی موت کا سبب بن سکتا ہے

[illegible] آتشگیر مادہ

[illegible]

حرمت کعبہ کی بے حرمتی کی منہ بولتی تصاویر

آتش گیر مادہ جو ایرانی حاجیوں کے قبضے سے برآمد ہوا



ایرانی حاجیوں کے وفد کا سربراہ

حرمتِ حرم کی بے حرمتی کی منھ بولتی تصاویر

۳۱ر جولائی ۱۹۸۷ء (۶ر ذوالحجہ ۱۴۰۷ھ)

یہ تصویریں ایرانی حکام کی پول کھول رہی ہیں جنہوں نے پچیس ہزار کرائے کے آدمی لاکر مکہ معظمہ میں ڈیرے ڈالے تھے تاکہ وہ حج کے دوران مسجد حرام میں مقدس اور شہر حرام میں پُر تشدد مظاہرہ کریں اور ان آیت اللہ حضرات کی تصویریں اٹھا کر شرمناک حرکت کریں جنہوں نے ساری دنیا کے سامنے اسلام کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا۔ کرائے کے ان آدمیوں نے آگیں لگائیں، بے گناہ لوگوں کو بے دردی سے روندا، ہزاروں کی تعداد میں حجاج کو تیز دھوپ میں گھیرے رکھا، انہیں اپنے فرائض پورے نہ کرنے دیا، ان پر ڈنڈوں اور پتھروں کی بارش کی اور ان کے ایمان سے معمور سینوں میں خنجر اور چھریاں گھونپ دیں۔ یہ سب کچھ خمینی کے آدمیوں نے اسلام کے نام پر کیا۔

ایرانی مظاہرین [illegible]

محمد حنیف کو لاؤڈ اسپیکروں کے ذریعے ہنگامہ آرائی پر اکسایا جا رہا ہے

[illegible]

حاجیوں اور شہریوں کا مظاہرہ

مظاہرین خلاف شرع بینرز اٹھائے ہوئے ہیں

مکہ معظمہ کی گلیوں کے وسط میں حرمت کی پامالی

تحریک مظاہرین کا جلوس مکہ کی ایک شاہراہ پر



ایرانی حریت کار حملہ آور، مورچے پر

ایرانیوں کے مظاہرہ کا ایک منظر

مکہ میں ایرانیوں کی بجلی کے کھمبوں پر سرانگیزی

مظاہرین تخریب کاری کا آغاز کر رہے ہیں۔

مکہ کی شاہراہ پر ایرانی تخریب کاروں کے مظاہرہ کا ایک منظر

تخریب کار مظاہرین کا ایک جلوس

ایرانی مظاہرین ایک موٹر سائیکل کو آگ لگا رہے ہیں

"لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ کی بجائے لَبَّیْکَ یاخمینی"

حرمین شریفین میں خون خرابہ میں استعمال ہونیوالے ہتھیار

حرمین شریفین میں خون خرابہ میں استعمال ہونیوالے چند ہتھیار

حرمین شریفین میں خون خرابہ میں استعمال ہونیوالے ہتھیار

ایرانی تحریک کاروں کا بیت اللہ میں خلاف شرع مظاہرہ



[illegible]

بابِ سوم

حرمین مقدس پر قبضہ کرنے کے لیے تازہ ترین شیعہ سازش

(۱) قبل اس کے کہ حرمین شریفین پر قبضہ کرنے کے لیے ایران کی "تازہ ترین سازش" بیان کی جائے پچھلے چودہ سو سالہ تاریخی جائزے کا لب لباب سامنے رکھنا ضروری ہے۔ گذشتہ تاریخ اسلام کے مطالعہ کا نچوڑ یہ ہے کہ جب حضور نبی اکرمؐ کے ذریعہ اسلام کا عملی قیام وجود میں آیا تو اسی وقت سے عالمی یہودیت نے اسلام کے خلاف سازشیں شروع کر دیں، مقصد یہ تھا کہ کسی نہ کسی طرح اسلام کے "سیاسی مرکز" اور اسلام کے "روحانی مرکز" دونوں کے وجود کو مٹا دیا جائے۔ اس غرض سے ہزاروں سال پرانی اور سازشی یہودیت نے ابن سبا یہودی کے بطن سے شیعہ مذہب کو جنم دیا تاکہ مسلمانوں میں اختلاف و افتراق کے ذریعہ اسلام کی متحدہ قوت، "منظم اجتماعیت" اور مستحکم مرکزیت کو سبوتاژ کیا جا سکے۔ لہٰذا ابن سبا یہودی نے اپنے شیعوں کے ساتھ پہلا قدم اسلام کے "سیاسی مرکز" کو متزلزل کرنے کے لیے اٹھایا۔ ان اہل تشیع نے مرکزی خلافتِ وقت کے خلاف عملی اقدام کی ابتدا اس طرح کی کہ خلیفۂ وقت سیدنا عثمان ذو النورینؓ کو عین ماہِ حرام (ذو الحجہ ۳۵ھ) میں اور مسجدِ حرمِ نبویؐ کے اندر ذبح کر دیا۔ یوں یہود اور آل یہود نے پہلے مرتبہ ملکر نہ صرف سیاسی مرکزِ اسلامیہ پر ہاتھ اٹھایا بلکہ مسلمانوں کے حرمِ مقدس کی حرمت پر بھی ہاتھ صاف کیا۔ اولین دشمنانِ اسلام کی یہ ہی دو دھاری تلوار تاریخ میں آج تک مسلسل استعمال ہوتی چلی آئی ہے۔ پچھلی چودہ صدیوں میں ایک طرف تو خلافتِ راشدہ، خلافتِ بنو امیہ، خلافتِ عباسیہ اور آخری خلافتِ عثمانیہ کی عالمی مرکزیت یکے بعد دیگرے ختم کی جاتی رہی ہیں

تو دوسری جانب حرمتِ حرمین بھی وقتاً فوقتاً روندی جاتی رہی ہے جب آخری عالمی خلافت عثمانیہ ۱۹۲۴ء میں ختم کر دی گئی جو دنیا میں واحد سپر پاور بھی تھی اور اسلام کا سیاسی مرکز بھی تھی، اس کے بعد سے یہودیت او شیعیت کی مشترکہ قوت اسلام کے "روحانی مرکز" (حرمین محترم) کی تسخیر اور تباہی پر لگ گئی۔ اس دوسرے مرحلے میں سب سے پہلے ۱۹۴۸ء میں اسرائیل کی ناجائز ولادت عمل میں لائی گئی اور فوراً ہی اسرائیلی وزیر اعظم بن گوریان نے باقاعدہ اعلان کر دیا کہ یہود جس خطۂ زمین سے ماضی میں نکالے گئے تھے یعنی حرمین، اس پر وہ قبضہ کر کے رہیں گے۔ اس یہودی اعلان کے ساتھ ساتھ ہی آلِ یہود کے خمینی کا یہ اعلان بھی اس کی کتاب "کشف الاسرار" کے ذریعہ سامنے آیا۔ کہ جب صاحب الامر ظاہر ہوں گے تو وہ مکہ اور مدینہ پر قبضہ کریں گے۔ پھر ابوبکرؓ و عمرؓ و عائشہ رضی کو قبروں سے نکال کر انہیں سزا دیں گے اور پھر تمام سنیوں (یعنی مسلمانوں) کو قتل کر دیں گے۔ ان یہودی و شیعی یکساں عزائم کے ساتھ یہ دشمنانِ اسلام آگے بڑھتے رہے اور بالآخر ۱۹۶۷ء میں مسلمانوں کے قبلۂ اول (بیت المقدس) پر یہود قابض ہو گئے ۱۹۴۸ء اور ۱۹۶۷ء کی منزل طے کر لینے کے بعد سے آج تک یہود اور آلِ یہود اب آخری منزل یعنی تسلط حرمین کی جانب پیش قدمی کر رہے ہیں۔ یہ ہی وجہ ہے کہ ۱۹۷۹ء میں خمینی کی انقلابی حکومت ایران میں قائم ہوئی اور اسی سال سے حرمین شریفین میں حملوں اور ہنگاموں کا سلسلہ شروع ہو گیا جو ہر سال ایام حج میں ۱۹۸۷ء تک جاری رہا۔ بہرحال یہودی ماسٹر کا یہ شیعی ہراول دستہ اپنے اس حتمی مقصد میں ۱۹۸۷ء تک ناکام رہا کہ مسلمانوں کا روحانی مرکز بھی ان کے سیاسی مرکز کی طرح تباہ و برباد کر دیا جائے یعنی یہ کہ مسلمانانِ عالم کی روحانی

مرکزیت بھی ٹھیک ان کی سیاسی مرکزیت کی طرح دنیا سے مٹا دی جائے۔

(۳) جولائی ۸۷ء کی آخری ناکامی ونامرادی کے بعد یہودی آقا کے اشارے پر خمینی نے نیا منصوبہ بنایا جس کے تحت دنیا بھر میں ایرانی سفارتخانے حج کانفرنس اور حج سیمینار منعقد کر رہے ہیں اور جہاں یہ مطالبہ کیا جارہا ہے کہ مکہ اور مدینہ کو کھلا شہر قرار دیا جائے اور بین الاقوامی کنٹرول میں دیا جائے یہ نئی اور گہری چال بڑی کثیر الجہت ہے۔ مثلاً اس سے تو مملکت حرمین دو دو ٹکروں میں تقسیم ہو کر کمزور ہو جائے گی، میزبانِ حرم کی ذلت وخواری ہو جائے گی، مسلمانوں میں انتشار وخلفشار کی دائمی لہر پیدا ہو جائے گی، اور گذشتہ نو برسوں کی شیعہ ہنگامہ آرائی اور قتل وغارتگیری حرمین میں سالانہ کی بجائے روزانہ کا معمول بن جائے گی۔ اس تازہ سازشی مطالبے کا اصل مقصود یہ ہے کہ حرمین کے روحانی مرکز کو ایک اکھاڑہ بنا دیا جائے تاکہ پیہم اکھاڑ پچھاڑ سے وہاں نہ مسلمان سلامت رہیں اور نہ ہی مسلمانوں کا قبلہ وکعبہ باقی رہے چونکہ خمینی کا دعوٰی تو یہ ہے کہ پوری دنیا میں صرف ایک ہی ملک "ایران اسلامی" ہے اور باقی سب ممالک "طاغوتی" ہیں۔ لہٰذا ہونا تو یہ چاہیئے کہ قم اور تہران کو کھلا شہر قرار دیا جائے تاکہ دنیا کا جو مسلمان جب چاہے وہاں ویزا اور بغیر کے بغیر چلا جائے۔ آخر خمینی نے اپنے ایرانی مقاماتِ مقدسہ کو کھلا شہر کیوں نہیں بنایا؟ وجہ صاف ظاہر ہے کہ وہ دنیا کے تمام مسلمانوں کو بے عقل اور بیوقوف سمجھتا ہے اور اپنی تازہ شیطنت کا شکار کرنا چاہتا ہے۔

(۴) بیان کردہ کھلے حقائق کے علی الرغم چند بھولے بھالے مسلم عناصر سیدھے بوجہ بغیر خمینی کے نئے دام میں گرفتار ہو ہی گئے ہیں۔ ان سادہ لوح حضرات کی خدمت میں عرض ہے کہ اگر وہ پیش کردہ گذارشات کے باوجود شیعہ خباثت

اور اک نہ کر سکے ہوں تو کم از کم اب ذرا خمینی کی تازہ ابلیسی اسکیم کے مہلک مضرات پر ہی غور فرمالیں، ۔ انشاء اللہ انھیں خمینی کی یہودی شیطنت کے متعلق شرح صدر حاصل ہو جائے گا۔ اولاً یہ کہ حرمین کو کھلا شہر قرار دینے کا مطلب و مفہوم کیا ہے؟ یہی نا کہ کسی ویزا، پاسپورٹ چیکنگ، اور حساب کتاب کے بغیر حرمین میں آمد و رفت کی آزادی ہو، جس کا جب جی چاہے وہاں داخل ہو جائے یعنی یہ کہ وہاں بس ایک میلہ لگا رہے کہ جو چاہے پہنچ جائے اور تماشہ دیکھ کر یا تماشہ دکھا کر رخصت ہو جائے، وہاں نہ کوئی روک ٹوک ہو اور نہ کسی قسم کی مداخلت و ممانعت ہو۔ مطلب یہ ہوا کہ حرمین میں سرے سے کوئی نظم نہ ہو اور عمرہ جیسی اہم زیارات اور حج جیسی فرض عبادت میں لاکھوں کا مجمع بد نظمی اور افراتفری کے نذر ہو جائے۔ دوسرے یہ کہ ایسی عجیب و غریب صورت حال میں وہاں کون کون اور کیسے کیسے لوگ پہونچ سکتے ہیں اور کیا کچھ جرائم کر سکتے ہیں۔ اس کا اندازہ ہی ہولناک ہوگا۔ تیسرے یہ کہ جہاں یہ معلومات ہی نہ ہوں کہ کب اور کتنے افراد کہاں کہاں سے مکہ اور مدینہ چلے آئیں گے تو وہ کون سا کمپیوٹر ہوگا جو ان کے قیام و طعام اور دیگر ضروریات کے تمام انتظامات کر سکے گا۔ چوتھے یہ کہ اگر مکہ و مدینہ کھلے شہر ہو گئے تو جدہ جو باہر سے آنیوالوں کی پہلی منزل بھی ہے اور گذرگاہ بھی اور وہ تمام مقامات جو مکہ اور مدینہ کے درمیان گذرگاہیں ہیں، ان کی حکومت و انتظامیہ نگرانی و نگہبانی کا فریضہ کیوں کر انجام دے سکے گی اور اگر مقامی انتظامیہ کا عمل دخل ہوگا تو کس حد تک۔ پانچواں نکتہ انتہائی توجہ طلب یہ ہے کہ کھلا شہر ہونے کی وجہ سے جب حرمین محترم میں ہر شخص کو مادر پدر آزادی حاصل ہو جائے گی تو وہاں کیسے کیسے سیاسی، گروہی، علاقائی، نسلی، اور لسانی مفادات کے مظاہرے اور پروپیگنڈے ہوں گے جس کے نتیجہ میں باہمی تصادم ہوتے

رہیں گے اور حج کی روک تھام مشکل ہی نہیں ناممکن ہو جائے گی۔ چھٹا نکتہ بھی بہت اہم ہے اور وہ یہ کہ جب کھلے شہر میں کھلی چھٹی ہو گی تو دنیا کے در جنوں مسلم لیڈروں کے نام اور نعرے حرمین میں بلند کیے جائیں گے اور یقیناً ان کی تصاویر بھی وہاں لگائی جائیں گی۔ جہاں خود آنحضورؐ نے سابقہ انبیاءؑ کی تصاویروں تک کو حرم کی دیواروں سے صاف کیا تھا، وہاں مصنوعی اور وقتی لیڈروں کی تصویریں پھیلی ہوئی ہونگی۔ پابندیوں کے ہوتے ہوئے تو وہاں خمینی ہر سال نہ صرف اپنی بیت نمائی کراتا ہے بلکہ صدائے لبیک اللّٰھم کی بجائے "لبیک یا خمینی" کے کافرانہ نعرے لگواتا ہے چنانچہ پابندیاں اٹھنے کی صورت میں تو وہ بیت اللہ الحرام میں مزید حرام کام کرے گا اور بالآخر وہاں اللہ کی عبادت کی بجائے صرف اپنے بت کی پوجا و پرستش کرائے گا۔ ساتواں اور آخری نکتہ یہ ہے کہ حرمین کریم پر بین الاقوامی کنٹرول کی تجویز خام خیالی بھی ہے اور واہی تباہی بھی، مضحکہ خیز بھی ہے اور معنی خیز بھی اور ناقابل قبول بھی ہے اور ناقابل عمل بھی۔ بفرض محال اگر حرمین کو بین الاقوامی نگرانی میں دیا بھی جائے، تب بھی یہ ناممکن ہو گا کہ نگران بین الاقوامی ادارہ حرمین پر یورشیں کرنے والے موجودہ فسادیوں کو ان کے روز افزوں فتنوں سے باز رکھ سکے، کیونکہ عالمی تنظیم اقوام متحدہ تک اسرائیل اور ایران سے اپنا یہ متفقہ فیصلہ آج تک نہ منوا سکی ہے کہ وہ دونوں مسلم عرب پر زور و زبردستی، ظلم و زیادتی اور قتل و غارتگری روا نہ رکھیں، مسلم بلاد عرب کے مختلف خطوں کو ہڑپ نہ کریں۔ اور پورے مسلم مشرق وسطیٰ کو اپنے جنگی جنون کا نشانہ نہ بنائیں۔ لہٰذا حرمین میں بھی کوئی بین الاقوامی ادارہ آل یہود (اہل تشیع) کی یہودی پشت پناہی کے ساتھ

جاری شدہ بدامنی اور بداعمالیوں کو کنٹرول نہیں کر سکے گا۔ پھر قطع نظر اس کے کہ بین الاقوامی نگہداشت کی مجوزہ اسکیم نہایت پیچیدہ اور بیہودہ ہے، یہ کلیتاً ایک کھلی سازش ہے کہ ملکِ حرمین کے اندرونی معاملات میں بیرونی مداخلت کی جائے اور ریاست در ریاست کے قیام سے اس پوری اسلامی ریاست کو منہدم کر دیا جائے۔ یہ دراصل ایک خوشنما چال ہے جس کے ذریعہ سے عیار یہودی و خمینی کی خواہش ہے کہ سعودی اور غیر سعودی مسلمانوں کو حرمین سے بے دخل ہی نہ کریں بلکہ وہیں ان کا مکمل صفایا بھی کر دیں اور پھر اس روحانی مرکز اسلام پر قبضہ کر کے پورے ہی عالم اسلام کی بھی اینٹ سے اینٹ بجا دیں۔

(۴) جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے، آخری مرتبہ جولائی ۸۷ء میں خمینی ٹیم نے حرم مکہ میں سینکڑوں مسلمانوں کے خون سے خوب ہولی کھیلی مگر پھر بھی قبضۂ حرم کی پرانی سازش میں مزید منہ کی کھائی۔ چنانچہ اگلے ہی ماہ یعنی اگست ۸۷ء میں خمینی نے متبادل منصوبہ بنا لیا۔ اور جگہ جگہ اس مطالبے کا چکر چلایا کہ مکہ اور مدینہ کو کھلے بین الاقوامی شہر قرار دیا جائے۔ ہر چند کہ چند ماہ تک یہ مہم زور و شور سے چلتی رہی لیکن متوقع کامیابی اب تک حاصل نہ ہو سکی۔ مطلب یہ ہے کہ اب دنیا کے مسلمان بالعموم خمینی کا یہ نیا شوشہ و شاخسانہ سمجھ گئے اور دھوکہ دہی کے اس پھندے میں پھنس نہیں سکے علاوہ ازیں ان ہی حالیہ چند ماہ کے دوران دنیا کے بے شمار علمائے اسلام نے شیعیت و خمینیت کے کفر ہونے کے فتاویٰ جاری کر دیئے، جن کی تعریف و توثیق کرتے ہوئے عالمِ اسلام کے شیخ الاسلام اور مفتی اعظم سعودی عرب الشیخ عبدالعزیز بن باز نے خمینی کے خارج از اسلام اور مرتد ہونے کا فتویٰ بھی

صادر فرمادیا اور جس کی تائید رابطہ عالم اسلامی کے عالمی اجلاس منعقدہ اکتوبر ۱۹۸۶ء نے بھی کردی۔

(بحوالہ: اخبار المسلمون، مکہ مکرمہ، ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۶ء۔ ماہنامہ الفرقان، لکھنو، خصوصی اشاعت اکتوبر تا دسمبر ۱۹۸۷ء۔ ماہنامہ بینات، کراچی، خصوصی اشاعت جنوری و فروری ۱۹۸۸ء۔ ماہنامہ اقرأ ڈائجسٹ، کراچی، شیعیت نمبر، فروری ۱۹۸۹ء)

عالم اسلام کے اس خصوصی ردعمل کو خمینی نے ایک چیلنج کی حیثیت سے لیا اور جواباً فوراً اس نے اپنا تازہ ترین منصوبہ مرتب کرنا شروع کر دیا جس کے آثار بتا رہے ہیں کہ وہ حرمین پر حملے کا خوفناک ترین اور ہولناک ترین حربہ ثابت ہو سکتا ہے۔

(۵) سرغنۂ آل یہود خمینی نے اپنے تازہ ترین سازشی پلان کے تانے بانے جنوری ۱۹۸۸ء میں بننے کا آغاز کیا اور اس کی حکومت نے اعلان کیا کہ آئندہ جولائی ۱۹۸۸ء کے حج کے موقع پر تقریباً دو لاکھ ایرانیوں کو حرمین کے لیے روانہ کیا جائے گا۔ طریقِ واردات کا پورا اندازہ تو اسی سے ہو جاتا ہے کہ ایرانیوں کا اتنا بڑا غول دجتھا تعداد کے اعتبار سے ایک نیا عالمی ریکارڈ ہوگا پھر یہ کہ طریقِ واردات کی سنگینی کا ثبوت بھی جلد ہی مل جاتا ہے اور وہ یہ کہ ایرانی وزیراعظم کی بیوی خانم زہرا موسوی نے ۱۸ فروری ۱۹۸۸ء کو ایرانی کلچرل سینٹر لاہور میں پریس کانفرنس کے ذریعہ علی الاعلان کہہ دیا ہے کہ اس سال بھی حج کے دوران ایرانی زائرین "حرمین میں وہی کچھ کریں گے جو پہلے کرتے رہے ہیں۔ (روزنامہ ڈان، کراچی۔ ۱۹ فروری ۱۹۸۸ء)

ان اعلانات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جولائی ۱۹۸۸ء میں حرمین کی نقب زنی

اور تباہی کے لیے خمینی نے بہت بڑے پیمانے پر تیاری کر لی ہے یعنی یہ کہ لوام حج کے لبادے میں اس مرتبہ ایران کے اسرائیلی تربیت یافتہ کمانڈوز کی فوج لاکھ فورس حرمین پہونچ کر وہ زبردست تخریب کاری کرے گی جس کی تاریخ میں کوئی مثال نہ ہوگی۔

"اللہ اکبر۔ خمینی رہبر"

افسوس صد افسوس کہ ایسے مشرکانہ اور ایسے دل آزار نعرے بھی لگائے گئے جس سے حج کے دوران دنیا بھر کے مسلمانوں میں اشتعال اور بے چینی پھیل گئی جس پر سعودی حکومت نے بڑی مشکل سے قابو پایا۔

باب چہارم

قبضۂ حرمین کی تازہ ترین شیعہ سازش کے مقابل دفاعی تدابیر تدارک

پیش کردہ حقائق و دلائل کے پیشِ نظر یہ بات تو طے ہے کہ آج ملت اسلامیہ کے مرکز اسلام (حرمین) کو تاریخ کا بدترین خطرہ درپیش ہے۔ اگر ایران کے مذکورہ دگرا کہ منظم کمانڈوز کی حرمین تک رسائی ہو جائے تو وہاں آتنی بڑی تعداد جنگجو اور ہلاکو کمانڈوں کی ہلاکت خیزی کو روکنا ممکن نہ ہوگا۔ لہٰذا قبل ازیں کے کہ وہ سنگین منظر ہلاکت رونما ہو ایسی حکمتِ عملی اختیار کرنی ہوگی جس سے اس آنے والے ابلیسی ریلے کو حرمین میں داخل ہونے سے روکا جا سکے۔ وقت کا اولین تقاضہ یہ ہے کہ مسلمان اپنی شیعوں کے ساتھ بیجا رواداری کو ترک کر دیں، اس لیے کہ ماضی بعید ہو یا ماضی قریب امت اسلامیہ اپنی اس طویل و بے معنی رواداری کا مزہ بھی خوب چکھ چکی ہے اور اپنی سادگی و سادہ لوحی کی سزا بھی بہت بھگت چکی ہے۔ ماضی و حال کے تمام واقعات، تجربات اور مشاہدات کی روشنی میں واحد راہِ عمل صرف یہ نظر آتی ہے کہ اسلامیان ان دشمنان سے رواداری جیسی کمزوری کو رفع کریں اپنی تن آسانی و سہل انگاری کو ختم کر لیں۔ اور کامل ہمت و جرأت سے کام لیں۔ تقاضائے وقت کے ضمن میں دوسری ضرورت یہ ہے کہ مسلمان دنیا میں اپنے عظیم منصب اور اس کی عظیم ذمہ داری کے احساس کو اجاگر کریں۔

بالفاظ دیگر وہ اس ازلی عطیہ الٰہی اور دنیا کے اوّلین مرکز عبادت و ہدایت کی پاسبانی کا عظیم حق ادا کریں جو آج اغیار کے نرغے میں ہے۔ ارشاد الٰہی ہے کہ بے شک دنیا کا سب سے پہلا گھر جو انسانوں کی عبادت کے لیے بنایا گیا وہ وہی ہے جو مکہ میں ہے اور جو تمام دنیا کے لیے برکت و ہدایت کا مرکز ہے" (آل عمران۔ آیت ۹۶)
